# میڈیا ٹائمز لمیٹڈ

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ میڈیا ٹائمز لمیٹڈ ("کمپنی") کے شیئر ہولڈرز کا غیر معمولی اجلاس عام بروز جمعہ مؤرخہ 26 جون، 2026ء کو دن 11:00 بجے فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B/1، لوئر گراؤنڈ فلور، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ-III، لاہور میں مندرجہ ذیل امور پر بحث کے لئے منعقد ہوگا:

1. 28 اکتوبر 2025ء کو منعقدہ سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کو منظور کرنا؛
2. کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159(1) کی پیروی میں اگلے تین سال کی مدت کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مقرر تعداد کے مطابق 07 (سات) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا جس کی میعاد 29 جون 2026ء سے شروع ہوگی۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز مندرجہ ذیل ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | آمنہ تاثیر | 2. | شہباز علی تاثیر |
| 3. | شہریار علی تاثیر | 4. | شہر بانو تاثیر |
| 5. | لیلیٰ خان | 6. | عائشہ تمی حق |
| 7. | سلمان خالد میاں | | |

**یادرہے کہ اجلاس عام میں تحائف تقسیم نہیں کئے جائیں گے۔ شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ SECP کے جاری کردہ اجلاس عام میں پیشہ ورانہ اخلاق کی بابت درج ہدایات کی روشنی میں اجلاس کے آداب کا خیال رکھیں۔**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 166(3) کی پیروی میں مذکورہ بالا امور کی بابت مادی حقائق کا اعلامیہ نوٹس ہذا کے ساتھ لف ہے۔

بحکم بورڈ

**شہزاد جواہر**

کمپنی سیکریٹری

لاہور

04 جون، 2026ء

**مندرجات:**

1. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر Books مؤرخہ 19 جون، 2026ء تا 26 جون، 2026ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ 18 جون 2026ء کو کاروبار بند ہونے تک ہمارے شیئر رجسٹرار/ ٹرانسفر ایجنٹ کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے آفس میں موصول ٹرانسفرز کو مذکورہ بالا مقصد کے لئے بروقت وصولی شمار کیا جائے گا۔
2. شرکت اور ووٹ کرنے کا اہل رکن کسی دوسرے رکن کو اپنی جگہ شرکت اور ووٹ کرنے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔
3. CDC سے حصص کے مستفید ہونے والے انفرادی مالک کو اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے لازماً اپنا اصلی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور شراکت آئی ڈی نمبر ہمراہ لانا ہوگا۔ CDC سے کاروباری اراکین کا نمائندہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد اور/ یا مختار نامہ بمعہ نامزد شخص کے نمونہ کے دستخط ہمراہ لائے گا۔

**4. ڈائریکٹرز کا انتخاب**

ڈائریکٹرز کے عہدہ کے لئے انتخاب میں حصے لینے کا خواہشمند رکن، ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر یا دیگر، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B/1، لوئر گراؤنڈ فلور، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور اجلاس، جس میں ڈائریکٹرز کا انتخاب ہوگا، کے انعقاد سے کم از کم 14 یوم قبل بطور ڈائریکٹر انتخاب کے لئے اپنی پیشکش کا نوٹس لسٹنگ ضوابط کے تحت اعلامیہ، تفصیلی پروفائل، شناختی کارڈ اور NTN سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقول کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 167 کے تحت بطور ڈائریکٹر خدمات کی انجام دہی کے لئے فارم-9 کے ضمیمہ پر اقرار نامہ جمع کرانا ہوگا۔ نان جوڈیشل سٹامپ پیپر پر خود مختار ڈائریکٹرز کا حلف نامہ جس میں درج ہو کہ وہ کمپنیز (خود مختار ڈائریکٹرز کا انداز اور انتخاب) ریگولیشنز 2018ء کے قاعدہ 04 ذیلی قاعدہ (1) کے معیار پر پورا اترتا ہے، جمع کرانا ہوگا۔

لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ضوابط، 2019ء کے قاعدہ 7A کے تحت مذکورہ بالا ضوابط میں درج مخصوص نشستوں کی تعداد کے لئے علیحدہ کیٹگریز میں الیکشن کا انعقاد ہوگا۔

کمپنی کو موصول ہر کیٹیگری میں انتخاب میں حصہ لینے کا نوٹس اسی انداز میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم سات یوم قبل بھیجا جائے گا جس طرح ایکٹ کے تحت اجلاس کا نوٹس بھیجا جاتا ہے اور یہ نوٹس انگریزی اور اردو زبانوں کے قومی اخباروں شائع کیا جائے گا۔

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ضوابط، 2018ء کی پیروی میں اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 اور 144 کے تقاضوں سے مشروط ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے اراکین کو بذریعہ پوسٹل بیلٹ اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی جو مذکورہ بالا ضوابط میں درج تقاضوں اور طریقہ کار کے عین مطابق ہوگا۔

## 5. غیر معمولی اجلاس عام میں آن لائن شرکت

غیر معمولی اجلاس عام میں آن لائن شرکت کے لئے کمپنی کے شیئر ہولڈرز، جن کے نام 18 جون 2026ء کو کاروبار بند ہونے تک کمپنی کی Books میں درج ہوں، سے التماس ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے ساتھ 25 جون، 2026ء کو دن 11:00 بجے تک بذریعہ ای میل jawahar@pacepakistan.com؛ sajjadahmad@pacepakistan.com یا مندرجہ ذیل معلومات فراہم کر کے اپنا اندراج کرائیں۔

| مکمل نام شیئر ہولڈرز/ پراکسی ہولڈر | کمپنی | شناختی کارڈ نمبر | فولیو/CDC اکاؤنٹ نمبر | **ای میل ایڈریس | **موبائل نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | میڈیا ٹائمز لمیٹڈ | | | | |

** شیئر ہولڈرز/ پراکسی ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ اپنا فعال ای میل ایڈریس اور موبائل فون نمبر فراہم کریں۔ SRO.452(I)2025 کے تقاضوں کے مطابق تمام اراکین کو بذریعہ ای میل بھی نوٹس جاری کیا جائے گا۔

لاگ ان کی سہولت اجلاس کے انعقاد سے 30 منٹ قبل شروع ہو جائے گی تاکہ شرکاء شناختی عمل سے گزرنے کے بعد اجلاس میں شرکت کر سکیں۔ شیئر ہولڈرز شناخت اور تصدیق کے تمام تر تقاضے پورے کرنے کے بعد اپنے ڈیوائسز کے ذریعے EOGM کی کارروائی کے لئے لاگ ان اور شرکت کر سکیں گے۔

a) شیئر ہولڈرز EOGM کے ایجنڈا آئیٹمز سے متعلق آراء اور تجاویز 25 جون 2026ء کو دن 11:00 بجے تک مذکورہ بالا پتے یا jawahar@pacepakistan.com؛ sajjadahmad@pacepakistan.com یا وٹس ایپ نمبر 030-8440935؛ 0303-4444800 پر بھیج سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے شیئر ہولڈرز کو اپنا مکمل نام، شناختی کارڈ نمبر اور فولیو نمبر فراہم کرنا ہوگا۔

b) EOGM میں اپنی شرکت اور حاضری کو یقینی بنانے کے لئے شیئر ہولڈرز کو بذریعہ پراکسیز شرکت کی تلقین کی جاتی ہے۔

## 6. ای ووٹنگ/ پوسٹل بیلٹ

تمام اراکین S.R.O.45(I)2025 مورخہ 13 مارچ، 2025ء کے تحت بذریعہ پول/ پوسٹل بیلٹ اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔

اراکین کی سہولت کے لئے بیلٹ پیپر نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہے جو ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ https://pacepakistan.com/ پر بھی دستیاب ہے۔

### ای-ووٹنگ کا طریقہ کار

a) ای ووٹنگ سہولت کی تفصیلات بذریعہ ای میل صرف کمپنی کے ان اراکین کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کے کارآمد شناختی کارڈ نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس 18 جون 2026ء کو کاروبار بند ہونے تک کمپنی اراکین کے رجسٹر میں موجود ہوں گے۔

b) ویب ایڈریس، لاگ ان تفصیلات اور پاس ورڈ سے متعلق اراکین کو بذریعہ ای میل آگاہ کیا جائے گا۔ اراکین کو سکیورٹی کوڈ کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ (بطور ای ووٹنگ سروسز پرووائیڈر) کے ویب پورٹل سے بذریعہ SMS بھیجا جائے گا۔

c) بذریعہ ای ووٹنگ اپنا ووٹ کاسٹ کرنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرونک دستخط یا لاگ ان توثیق کے ذریعے کی جائے گی۔

d) اراکین 22 جون 2026ء کو صبح 09:00 بجے سے 25 جون 2026ء کو شام 05:00 بجے تک کسی بھی وقت اپنا ووٹ کاسٹ کر سکتے ہیں۔ ووٹنگ کا عمل 25 جون 2026ء کو شام 05:00 بجے تک جاری رہے گا۔ جب ایک رکن کسی قرارداد پر اپنا ووٹ کاسٹ کر لیتا ہے تو اسے بعد ازاں تبدیل کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔

### پوسٹل بیلٹ پیپر کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار

اراکین یقینی بنائیں گے کہ باقاعدہ دستخط اور پر شدہ بیلٹ پیپر اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل اجلاس کے چیئرمین کو کام کے اوقات کار میں پول کے ایک دن قبل کمپنی کے پتہ فرسٹ کیپیٹل ہاؤس، 96-B/1، لوئر گراؤنڈ فلور، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ-III، لاہور پر بذریعہ ڈاک یا بذریعہ ای میل

jawahar@pacepakistan.com کو پہنچ جانا چاہئے۔ بیلٹ پیپر پر کئے گئے دستخط شناختی کارڈ پر موجود دستخط کے عین مطابق ہونے چاہئیں۔

**نگران کی تقرری**

میسرز جنیدی شعیب اسد چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو پوسٹل بیلٹ ضوابط کے قاعدہ 11 کے تحت نگران مقرر کیا گیا ہے۔

**7. فزیکل شیئرز کی بُک اینٹری فارم میں تبدیلی**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 72 کے تحت ایکٹ کی تاریخ اطلاق یعنی 30 مئی 2017ء سے عرصہ چار برس کے اندر کمیشن کی تاریخ اطلاع اور مذکورہ انداز میں ہر موجودہ کمپنی کے لئے اپنے فزیکل شیئرز بُک اینٹری فارم میں تبدیل کرنا لازمی ہے۔

فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو کسی بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ سے CDC کے ساتھ براہ راست CDC ذیلی اکاؤنٹ کھولنے کی تلقین کی جاتی ہے تاکہ وہ اپنے فزیکل شیئرز غیر کاغذی صورت میں رکھ سکیں۔

**8. پتہ میں تبدیلی**

1. فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے اراکین سے التماس ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتوں میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی اطلاع فوراً ہمارے شیئر رجسٹرار، **کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور** کو دیں۔
2. CDC میں شیئرز ہونے کی صورت میں پتہ میں تبدیلی کا اطلاع نامہ بروکر/شریک/CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو براہِ راست جمع کرائیں۔

**9. شناختی کارڈ کی نقل جمع کرانا**

1. فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے اراکین جنہوں نے تاحال اپنے کارآمد شناختی کارڈ کی نقل جمع نہیں کرائی ہے سے التماس ہے کہ وہ اپنے شناختی کارڈ کی نوٹرائزڈ نقل ہمارے شیئر رجسٹرار، کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور کو فوراً جمع کرائیں۔
2. CDC میں حصص رکھنے کی صورت میں CNIC کی تجدید کی درخواست بروکر/شریک/CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو براہِ راست جمع کرائی جائے۔

**10. پراکسی**

1. پراکسی کا تقرری کا دستاویز اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی جس کے تحت اس پر دستخط کئے گئے ہوں یا مختار نامہ کی مصدقہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 1-B-96، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس گھنٹے قبل جمع کرانا لازمی ہے۔
2. پراکسیز کی تقرری کے لئے، شیئر ہولڈرز کو مندرجہ ذیل ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا:
   a. فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے فرد واحد کی صورت میں یا اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ایسا فرد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں موجود ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات CDC ضوابط کے مطابق شائع کی گئی ہوں کو باقاعدہ طور پر پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔
   b. پراکسی فارم کی گواہی دو افراد دیں گے جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں گے۔
   c. مستفید ہونے والے مالکان اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی نوٹرائزڈ نقول پراکسی فارم کے ساتھ لف کی جائیں۔
   d. کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ بمعہ نمونہ کے دستخط کمپنی کو پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرائی جائے (اگر پہلے جمع نہ کرائی گئی ہوتو)۔

## کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)166 کے تحت مادی حقائق کا اعلامیہ

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)166 کی پیروی میں کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159 کے تحت خود مختار ڈائریکٹرز کا انتخاب ڈائریکٹرز الیکشن کے ذریعے کیا جائے گا۔ خود مختار ڈائریکٹرز مذکورہ ایکٹ کے سیکشن (2)166 میں درج تقاضوں کو پورا کریں گے۔

امیدواروں سے التماس ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ضوابط، 2019ء میں درج ڈائریکٹرز کی تقرری/انتخاب کی بابت متعلقہ قواعد/تقاضوں کا مطالعہ کریں۔

مذکورہ امور میں ڈائریکٹرز بطور کمپنی شیئر ہولڈرز اور ڈائریکٹرشپ کے انتخاب میں حصہ لینے کی اہلیت کے علاوہ کوئی بالواسطہ یا بلاواسطہ دلچسپی نہیں رکھتے۔

# میڈیا ٹائمز لمیٹڈ

## بیلٹ پیپر برائے ووٹنگ بذریعہ ڈاک

26 جون 2026ء بروز جمعہ بوقت 11:00 بجے دن کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96/B-1، لوئر گراؤنڈ فلور، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور میں منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام میں زیر بحث لائے جانے خصوصی امور کے لئے

رابطہ نمبر: ٹیلی فون: 8-35778217-42-92+؛ وٹس ایپ نمبر شہزاد جواہر: 0302-8440935؛ سجاد احمد 0303-4444800 ویب سائٹ www.pacepakistan.com

چیئرمین کا مقررہ ای میل ایڈریس جہاں پر باقاعدہ پر شدہ بیلٹ پیپر بھیجا جاسکتا ہے: chairman@pacepakistan.com;

| | |
|---|---|
| CDC اکاؤنٹ نمبر/فولیو نمبر | |
| نام شیئر ہولڈر/ جوائنٹ شیئر ہولڈر | |
| رجسٹرڈ پتہ | |
| تعداد ملکیتی حصص اور فولیو نمبر | |
| شناختی کارڈ نمبر (نقل لف کی جائے) | |
| اضافی معلومات اور دستاویزات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں) | |

میں/ہم مندرجہ ذیل کے متعلقہ باکس میں (✓) کا نشان لگا کر مندرجہ ذیل قراردادوں پر رضامندی یا غیر رضامندی کا اظہار کر کے بذریعہ پوسٹل بیلٹ مندرجہ ذیل قرارداد کی بابت اپنا/ہمارا ووٹ کا حق باضابطہ طور پر استعمال کرتا/کرتے ہوں/ہیں۔

**ایجنڈا آئیٹم نمبر 2:**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159 کی پیروی میں اگلے تین برس کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مقرر کردہ تعداد یعنی 07 (سات) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ جس کی میعاد کا آغاز 29 جون، 2026ء سے ہوگا۔

| نمبر شمار | نام ڈائریکٹر | تعداد عمومی حصص جن کو ڈائریکٹر کے حق میں ووٹنگ کے لئے استعمال کیا جائے گا | تعداد ووٹس (تعداد ووٹنگ شیئرز × منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد) |
|---|---|---|---|
| .1 | | | |
| .2 | | | |
| .3 | | | |
| .4 | | | |
| .5 | | | |
| .6 | | | |
| .7 | | | |

مقام:.............................................. تاریخ:..............................................

________________

**(دستخط شیئر ہولڈر)**

**مندرجات:**

| | |
|---|---|
| .1 | یہ بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.pacepakistan.com پر ڈاؤن لوڈنگ کے لئے بھی دستیاب ہے۔ |
| .2 | باقاعدہ پر شدہ پوسٹل بیلٹ پیپر چیئرمین کے نام اُن کے ای میل ایڈریس یا بذریعہ کوریئر چیئرمین کے نام کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B/1، لوئر گراؤنڈ فلور، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور پر بھیجا جائے۔ |
| .3 | شناختی کارڈ کی نقل پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک کی جائے۔ |
| .4 | پوسٹل بیلٹ فارم وصولی کی آخری تاریخ یعنی 25 جون 2026ء سے قبل چیئرمین کو پہنچ جانے چاہئیں۔ اس تاریخ کے بعد وصول بیلٹ پیپر کو ووٹنگ کے لئے شمار نہیں کیا جائے گا۔ |
| .5 | پوسٹل بیلٹ کے دستخط شناختی کارڈ پر موجود دستخط کے عین مطابق ہونے چاہئیں۔ |
| .6 | نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، پھٹے پرانے، دوہرے لکھے ہوئے بیلٹ پیپر کو مسترد کر دیا جائے گا۔ |

# پراکسی فارم

فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر: ____________
ملکیتی حصص: ____________

کمپنی سیکریٹری
میڈیا ٹائمز لمیٹڈ
فرسٹ کیپٹل ہاؤس
96-B/1، لوئر گراؤنڈ فلور، ایم ایم عالم روڈ،
گلبرگ-III، لاہور

میں/ہم .................. ولد/ دختر/ زوجہ .................. شناختی کارڈ نمبر ..................
بطور رکن (اراکین) میڈیا ٹائمز لمیٹڈ مسمی/ مسماۃ .................. ولد/ دختر/ زوجہ .................. شناختی کارڈ نمبر
.................. یا اس/ ان کی عدم حاضری پر مسمی/ مسماۃ .................. ولد/ دختر/ زوجہ .................. شناختی کارڈ نمبر
.................. کو مؤرخہ 26 جون 2026ء کو دن 11:00 بجے منعقد ہونے والے کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام یا مابعد نشست میں اپنی جانب سے ووٹ کرنے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کرتا/ کرتی/ کرتے ہوں/ ہیں۔

مؤرخہ .................. 2026ء کو میرے دستخط سے جاری ہوا۔

پچاس روپے کی
ریوینیو ٹکٹ چسپاں کریں

____________
دستخط رکن
(دستخط کمپنی کے ساتھ رجسٹرڈ دستخط کے مطابق ہونے چاہئیں)

مندرجہ ذیل کی موجودگی میں دستخط کئے گئے:

| | |
|---|---|
| ____________<br>دستخط گواہ 1 | ____________<br>دستخط گواہ 2 |

**مندرجات:**

1) اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کا/ کی اہل رکن اپنی جگہ اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کے لئے کسی دوسرے/ دوسری رکن کو اپنا/ اپنی پراکسی مقرر کر سکتا/ سکتی ہے۔ مؤثر کرنے کی غرض سے پراکسیز اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو موصول ہو جانی چاہئیں۔

2) کارآمد کرنے کی غرض سے پراکسی کا دستاویز اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی (اگر کوئی ہے) جس کے تحت یہ دستخط شدہ ہو یا ایسے مختار نامہ کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B/1، لوئر گراؤنڈ فلور، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل پہنچ جانی چاہئے۔

a) اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کا اہل CDC کا فرد واحد بینی فیشل مالک اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے شرکت کا آئی ڈی اور اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر بمعہ اصلی CNIC یا پاسپورٹ ہمراہ لائے گا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ جس پر nominees کے نمونہ کے دستخط موجود ہوں اجلاس کے انعقاد کے وقت پیش کرنا ہوگا (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)

b) پراکسیز کے تقرر کے لئے، CDC کا فرد واحد بینی فیشل مالک مذکور بالا ضروریات کے مطابق پراکسی فارم بمعہ شرکت کا آئی ڈی، اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر بشمول CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل جمع کرائے گا۔ دو افراد کی جانب سے ان کے نام، پتا اور CNIC نمبر کے ساتھ پراکسی فارم کی توثیق ہونی چاہئے۔ پراکسی کو اجلاس کے انعقاد کے وقت اپنا اصلی CNIC یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں نمونہ کے دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوگا (اگر یہ پہلے جمع نہ کرایا گیا ہو)۔